سوال

وضوء کرتے وقت اور وضوء کے بعد کونسی دعاء مستحب ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

وضوء کرنے کا شرعی طریقہ یہ ہے کہ :

برتن سے اپنے ہاتھوں پر تین بار پانی بہایا جائے، اور پھر برتن میں دایاں ہاتھ داخل کر کے تین بار کلی کرے اور ناک میں پانی ڈال کر ناک جھاڑے، پھر تین بار چہرہ دھوئے، اور دونوں ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھوئے، پھر اپنے سر اور کانوں کا ایک بار مسح کرے، پھر دونوں پاؤں ٹخنوں تک تین بار دھوئے اور اگر سارے اعضاء دو دو بار، یا ایک ایک بار بھی دھوئے تو کافی ہے

پھر وضوء کرنے کے بعد درج ذیل دعائیں پڑھے :

أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمداً عبده ورسوله

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالی کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں

اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين

اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں میں شامل فرما

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (231/5).

لیکن وضوء کرنے سے قبل صرف بسم اللہ پڑھی جائیگی، کیونکہ حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس نے بسم اللہ نہ پڑھی اس کا وضوء ہی نہیں"

سنن ترمذی حدیث نمبر (56).

واللہ اعلم.

الشیخ محمد صالح المنجد

2165